S. S. A. - 2011-12 (FREE)



درسِ دوُم (۲)

# خانۂ من



## (ماضی مطلق مجہول)

| غائب | | حاضر | | متکلم | |
|---|---|---|---|---|---|
| واحد | جمع (ند) | واحد (ی) | جمع (ید) | واحد (م) | جمع (یم) |
| آورد+ہ+شد | آورد+ہ+شدند | آورد+ہ+شد+ی | آورد+ہ+شد+ید | آورد+ہ+شد+م | آورد+ہ+شد+یم |
| آوردہ شد | آوردہ شدند | آوردہ شدی | آوردہ شدید | آوردہ شدم | آوردہ شدیم |
| وہ لایا گیا | وہ سب لائے گئے | تو لایا گیا | تم سب لائے گئے | میں لایا گیا | ہم سب لائے گئے |

چون بچہ ھا از دبستان بہ خانہ شان آوردہ شدند۔ فہمیدہ ورستم از مادرش پرسیدہ شدند۔ امروز چہ درس از استاد آموختہ شدید؟ مادرش پاسخ دادہ شد ماامروز در دبستان بہ زبان فارسی درس دادہ شدیم۔ استاد گفت کہ زبان فارسی از زمان باستان خیلی شیرین ساختہ شدہ است۔ پارسی کنونی از زبانہای پارسی باستان و پہلوی وعربی وغیر آن اخذ کردہ شدہ است استاد گفت کہ تقریباً ھفت صد سال پیش این زبان در ھند آوردہ شد وزبان دولتی در عہد پادشاھان ھند ماندہ۔ مادرش از اطلاعاتِ بچہ خیلی خوشحال شدہ۔ پس از آن بچہ سوالات استاد را حل کردہ وشام خوردہ بخواب رفتند۔

## راھنمائی:

فعل مجہول کی تعریف (Passive Voice): جس جملہ میں فعل کا اثر فاعل پر پڑے اسے فعل مجہول کہتے ہیں اور مجہول ہمیشہ فعل متعدی (Transitive verb) کا بنتا ہے۔ یعنی اس میں مفعول ضروری ہے جیسے آب خوردہ شد۔ اس فقرہ میں خوردن فعل متعدی ہے۔

## ماضی مطلق مجہول بنانے کا قاعدہ:

مصدر کی علامت ''ن'' کو گرا کر ''ہ شد'' جوڑ دینے سے ماضی مطلق مجہول کا صیغہ واحد غائب بن جاتا ہے جیسے ''خوردن'' مصدر سے خوردہ شد پھر ''شد'' کے آخر میں بقیہ صیغوں کی علامتوں کو جوڑ کر ماضی مطلق مجہول کی گردان مکمل کرتے ہیں۔

## راھنمائی:

### مصادر اور ان سے بنے ہوئے ماضی مطلق مجہول

| | | | |
|---|---|---|---|
| دادن | (دینا) | = | دادہ شدہ |
| آوردن | (لانا) | = | آوردہ شد |
| ساختن | (بنانا) | = | ساختہ شد |
| ماندن | (رہنا) | = | ماندہ شد |
| کردن | (کرنا) | = | کردہ شد |

گرفتن (پکڑنا) = گرفتہ شد

پرسیدن (پوچھنا) = پرسیدہ شد

حل کردن (حل کرنا)= حل کردہ شد

خوابیدن (سونا) = خوابیدہ شد

شام خوردن (رات کا کھانا کھانا)= شام خوردہ شد

## مشکل الفاظ کے معانی:-

| **الفاظ** | **معانی** |
|---|---|
| امروز (ام+روز) (این+روز)= | آج |
| درس | سبق |
| پاسُخ | جواب |
| باستان | قدیم، پرانا |
| شیرین | میٹھا |
| خیلی | بہت |
| کنونی | موجودہ |
| اخذ | لینا |
| دولتی | سرکاری |
| عہد | زمانہ |
| پہلوی | قدیم ایران کی زبان |
| اطّلاع | خبر (جمع-اطلاعات) |
| زنگ | گھنٹی |

## تمرین:-

### ۱- افعال اور صیغے کے صحیح جوڑے ملایئے:-

| | (الف) | (ب) |
|---|---|---|
| (i) | آوردہ شدم | واحد غائب |
| (ii) | آوردہ شدید | جمع غائب |
| (iii) | آوردہ شد | واحد حاضر |
| (iv) | آوردہ شدیم | جمع حاضر |
| (v) | آوردہ شدند | واحد متکلم |
| (vi) | آوردہ شدی | جمع متکلم |

### ۲- درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیے۔

باستان۔ دولتی۔ امروز۔ پاسخ۔ خیلی۔ کنونی۔

۳- ماضی مطلق مجہول بنانے کا قاعدہ لکھیے۔

۴- پرسیدن مصدر سے ماضی مطلق مجہول کی گردان لکھیے۔

۵- فارسی زبان کس طرح بنی ہے اور کن کن زبانوں سے ماخوذ ہے؟

۶- ہندوستان میں فارسی زبان کب آئی اور کس حیثیت سے رہی؟

۷- ماضی مطلق مجہول کے علاوہ دوسرے افعال اپنے سبق سے لکھیے!

۸- ان کے فارسی بنایئے۔

گھنٹی بجائی گئی آم کھایا گیا غریب ستائے گئے معذور رحم کیا گیا

چور مارا گیا پانی پیا گیا خط لکھا گیا